روزنامہ
جہان پاکستان
کراچی

# نظیر احمد بھٹو کا جشن آزادی استقبالیہ کیمپ کا افتتاح

## اس بار جشن آزادی کی خوشیاں معرکہ حق کی تاریخی فتح کے باعث دگنی ہوگئی، خطاب

ملیر (اسٹاف رپورٹر) ٹاؤن میونسپل کارپوریشن ابراہیم حیدری کے چیئرمین اور پاکستان پیپلز پارٹی پی ایس-86 ملیر کے صدر نظیر احمد بھٹو نے جشن آزادی اور معرکۂ حق کی خوشیوں کے سلسلے میں اسپتال چورنگی پر جشن آزادی استقبالیہ کیمپ کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر نظیر احمد بھٹو نے شہریوں اور بچوں میں قومی پرچم اور بیجز تقسیم کیے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ٹان چیئرمین و صدر پیپلز پارٹی پی ایس-86 ملیر نظیر احمد بھٹو نے کہا کہ "اس بار جشن آزادی کی خوشیاں معرکۂ حق کی تاریخی فتح کے باعث دوگنی ہو گئی ہیں۔ پورے ملک کی طرح ٹی ایم سی ابراہیم حیدری اور پی ایس-86 کے عوام کا جوش و جذبہ بھی دیدنی ہے۔" انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ "اپنے گھروں، دکانوں اور گاڑیوں پر سبز ہلالی پرچم لہرائیں۔ ریلیاں نکالیں۔ نظیر احمد بھٹو نے کہا کہ پاکستان ہماری ریڈ لائن ہے، پاکستان ہے تو ہم ہیں۔، ہم سب آزادی کی تقریبات منائیں۔ مجھے جہاں بلائیں گے، میں خود بھی شرکت کروں گا۔" نظیر احمد بھٹو نے اپنے خطاب میں خصوصی طور پر چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی عالمی سطح پر شاندار



سفارتکاری کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ "بلاول بھٹو زرداری آج کے نوجوانوں کے لیے فخر کا نشان ہیں، جنہوں نے بین الاقوامی سطح پر پاکستان کے مؤقف کو نہایت جرات، بصیرت اور حکمت سے پیش کیا۔ ان کی سفارتی کامیابیاں پاکستان کی عزت و وقار میں اضافہ کر رہی ہیں۔ عالمی فورمز پر ان کی موجودگی نے پاکستان کا ایک مثبت اور باوقار چہرہ دنیا کو دکھایا ہے۔ ہمیں اپنے پارٹی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری پر فخر ہے۔" اس موقع پر میونسپل کمشنر مسرور نواز خشک، ڈائریکٹر ایچ آر صفدر سونگی، ڈائریکٹر سینیٹیشن مشتاق مٹو ٹان ممبران نعیم عباسی، علی گجر، سیف کامل، ہاشم لاشاری سمیت دیگر بلدیاتی نمائندوں، پاکستان پیپلز پارٹی کے مقامی عہدیداران، کارکنان،